قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الہدیٰ نیوز لیٹر

فروری تا مئی 2024ء، شعبان تا ذوالقعدہ 1445ھ | شمارہ 25

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## حمد وثنا

الحَمْدُ لِلّٰهِ الحَمْدُ لِلّٰهِ ذِي الْعِزِّ وَ الْكَرَمِ، بَارِئِ النَّسَمِ، وَ اسِعِ الْفَضْلِ وَ النِّعَمِ، أَحْمَدُ رَبِّي وَ أَشْكُرُهُ عَلٰى آلَائِهِ الَّتِي نَعْلَمُ وَ الَّتِي لَا نَعْلَمُ،
لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ

ہر قسم کی حمد اللہ کے لیے ہے، ہر قسم کی تعریف اللہ کے لیے ہے، جو قوت اور کرم والا، روحوں کو پیدا کرنے والا، وسیع فضل اور نعمتوں والا ہے، میں اپنے رب کی حمد کرتی ہوں اور اس کی ان نعمتوں پر شکر کرتی ہوں جن کو ہم جانتے ہیں اور جن کو ہم نہیں جانتے، اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں وہ سب سے زیادہ طاقتور اور سب سے زیادہ کرم والا ہے۔

## بہترین امت، بہترین کام

خاتم الانبیاء محمد ﷺ تمام انبیاء سے افضل ہیں، اسی طرح آپ ﷺ کی امت بھی باقی سب امتوں سے افضل ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ

اب دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جسے انسانوں کی ہدایت واصلاح کے لیے میدان میں لایا گیا ہے تم نیکی کا حکم دیتے ہو، بدی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔۔۔[آل عمران:110]

آپ ﷺ نے فرمایا: "میری امت کے ہر زمانے میں سبقت لے جانے والے پائے جائیں گے۔"[السلسلة الصحيحة:3458]

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس امت کو اتنی فضیلت کیوں ملی؟ آیت مبارکہ کے مطابق اس فضیلت کی وجہ اس امت کے افراد میں خیر خواہی اور اصلاح کا جذبہ اور ان پر نیکی کا حکم دینے برائی سے روکنے کی ذمہ داری ہے۔ نیکی کی دعوت دینا اور برائی سے روکنا وہ عظیم منصب اور ذمہ داری ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں کو عطا کی۔ جب محمد ﷺ کے ذریعے نبوت کا باب ہمیشہ کے لیے بند ہو گیا تو آپ ﷺ کی امت کو اس عظیم ذمہ داری کے لیے چن لیا گیا۔ ہمیں صرف اپنی ذات میں جینے کے لیے پیدا نہیں کیا گیا بلکہ روئے زمین پر موجود تمام لوگوں کی اصلاح کا کام ہمارے ذمہ ہے۔ ہمیں خود غرضی اور خود پرستی کو ترک کر کے تمام انسانیت کے متعلق سوچنا اور سب کی خیر خواہی کرنی ہے اور نیکی کے ہر موقع کو غنیمت جانتے ہوئے لوگوں کے لیے فائدہ مند بننا ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک لوگوں میں سے سب سے زیادہ محبوب وہ ہیں جو دوسروں کے لیے سب سے زیادہ فائدہ مند ہیں۔ لہٰذا ہمیں چاہیے "خیر امة" ہونے کے ناطے ہر لمحہ یہ سوچیں کہ میں لوگوں کے لیے کیسے فائدہ مند بن سکتی ہوں۔ جب کسی سے ملیں تو سوچا کریں کہ میں نے اس کو کیا فائدہ پہنچایا۔ سلام میں پہل کریں، حال احوال دریافت کریں، مسکرائیں اور ہر وقت خیر کی باتیں سیکھنے اور سکھانے کے حریص رہیں، دوسروں کے لیے جئیں۔ آپ دوسروں کے کام آئیں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کے کام آسان کر دے گا۔ ان شاء اللہ

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

# ایڈیٹر نوٹ

معزز قارئین، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نیا شمارہ بہت سی خوشخبریوں کے ساتھ پیش نظر ہے۔ سب سے پہلے آپ سب کو صحیح بخاری کی تکمیل مبارک ہو۔ صحیح بخاری رسول اللہ ﷺ کے اقوال، امور زندگی اور سنتوں کا ایک مجموعہ ہے جسے امام بخاریؒ نے سولہ سال کی محنت اور تحقیق کے بعد مرتب کیا۔ یہ 7275 احادیث پر مبنی ایسی کتاب ہے جسے قرآن کے بعد سب سے مستند کتاب قرار دیا گیا ہے۔ 1997 میں اسلام آباد میں استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے اس کتاب کی تدریس کا آغاز کیا اور مختلف وقفوں کے بعد اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے 4 مئی 2024 کو الھدیٰ اسلام آباد مین کیمپس میں اس کی تکمیل ہوئی۔ یہ تمام لیکچرز الھدیٰ کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ اس وقت یہ الھدیٰ کی بہت سی برانچز میں بھی پڑھائی جا رہی ہے۔ رمضان المبارک میں اس مرتبہ الھدیٰ نے برانچز کے علاوہ بہت سی یونیورسٹیز اور کالجز میں بھی دورہ قرآن اور دیگر لیکچرز کا اہتمام کیا۔ ہمارے کرم فرماؤں کے تعاون سے رمضان راشن کی تقسیم، جگہ جگہ افطاریوں اور دیگر فلاحی کاموں کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ الھدیٰ اپنے مشن پر عمل کرتے ہوئے ہر دل اور ہر ہاتھ تک قرآن کا پیغام پہنچانے کے لئے جدید ٹیکنالوجی اور مختلف ذرائع کو استعمال کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ ای لرننگ کے ذریعے کچھ نئے پروگرام شروع کئے گئے ہیں جن میں حسن صحت کورس اور قرآن اور احادیث کی تعلیمات کے پروگرام شامل ہیں۔ ہم آپ کے مشوروں اور تعاون کے شکر گزار ہیں۔

طاہرہ خان

## علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

### الھدیٰ آفیشل واٹس ایپ چینلز جوائن کریں

**Farhat Hashmi Channel**

Dr. Farhat Hashmi WhatsApp Channel

**Al-Huda International Channel**

Al-Huda International Welfare Foundation WhatsApp Channel




استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے چار سال کے بعد رمضان المبارک 2024 میں دورۂ قرآن کروایا، جو الھدیٰ کینیڈا سے آن لائن نشر کیا گیا۔

استاذہ محترمہ 15 اپریل 2024 کو مختصر دورے پر کینیڈا سے پاکستان تشریف لائیں اور یہاں اپنے علمی دروس کو جاری رکھا۔ اس دورے کی سب سے اہم کامیابی صحیح بخاری کی تکمیل تھی۔ آخری باب "کتاب التوحید" لاہور میں شروع کیا اور 4 مئی 2024 کو اسلام آباد میں مکمل ہوا۔ اس موقع پر سینئر سٹاف نے صحیح بخاری کے ساتھ چھبیس سالہ سفر کے بارے میں اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔

استاذہ محترمہ 5 مئی 2024 کو کینیڈا واپس تشریف لے گئیں اور وہاں سے مسلسل تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

- تدبر القرآن: جز 20 سورۃ العنکبوت پڑھائی جا رہی ہے۔
- فقہ القلوب: قوۃ الجھاد فی سبیل اللہ کا باب پڑھایا جا رہا ہے۔
- اخلاق حملۃ القرآن: سبق 45 پڑھایا جا رہا ہے۔
- اسلامی عقائد: سبق 11 تک پڑھایا جا چکا ہے۔


ان تمام لیکچرز سے مستفید ہونے کے لیے آپ مندرجہ ذیل لنکس سے استفادہ کر سکتے ہیں:

لنکس برائے استفادہ: https://linktre.ee/DrFarhatHashmi

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

## تکمیل صحیح بخاری

4 مئی 2024



4 مئی 2024 کو الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد میں صحیح بخاری کی تکمیل کے موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ آخری باب "کتاب التوحید" مکمل کرنے کے بعد استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے صحیح بخاری کی تدریس کے مراحل کو بیان کیا اور اپنے تاثرات کا اظہار بھی کیا۔ آخر میں سینئر سٹاف ممبرز نے بھی اپنے تاثرات شیئر کیے۔ صحیح بخاری رسول اللہ ﷺ کے امور زندگی اور سنتوں پر مبنی احادیث کا ایک ایسا مجموعہ ہے جسے امام بخاریؒ نے سولہ سال کی سخت محنت اور تحقیق کے بعد مرتب کیا۔ اس کتاب کو محدثین کرام کے یہاں قرآن مجید کے بعد سب سے مستند کتاب مانا جاتا ہے۔ اس میں امام بخاریؒ نے چھ لاکھ احادیث میں سے 7275 صحیح احادیث کو منتخب کر کے جمع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں رسول اللہ ﷺ کی سنتوں پر عمل کرنے اور امام بخاریؒ کے کردار سے سبق حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

### تدریس صحیح بخاری کے مختلف ادوار

- آغاز: یکم دسمبر 1997 کو کمیونٹی سینٹر اسلام آباد سے صحیح بخاری پڑھانے کا آغاز ہوا۔
- جلد اول: یکم دسمبر 1997 سے 20 دسمبر 1997 (20 دنوں میں مکمل ہوئی)۔
- جلد دوم: 21 دسمبر 1997 سے 15 جنوری 1998 (24 دنوں میں مکمل ہوئی)۔
- جلد سوم: 16 جنوری 1998 سے 25 ستمبر 1998 (8 ماہ میں مکمل ہوئی)۔
- جلد چہارم: 26 ستمبر 1998 سے 20 نومبر 1998 (دو ماہ میں مکمل ہوئی)

صحیح بخاری دو مراحل میں مکمل پڑھائی گئی:

- پہلا مرحلہ بارہویں پارے کے آخر میں " کتاب الجھاد والسیف " پر مکمل ہوا۔ اس کی مدت تقریباً ایک سال تھی۔

وقفہ: اس کے بعد تقریباً 18 سال کا وقفہ آیا۔

- دوسرا مرحلہ 16 مارچ 2016 کو اسلام آباد میں " کتاب بدء الخلق " سے شروع ہوا۔
- 29 ستمبر 2016 کو کینیڈا جانا ہوا وہاں پر بھی صحیح بخاری پڑھانے کا سلسلہ جاری رہا۔

مختلف شہروں میں یہ کتاب پڑھائی گئی: اسلام آباد، لاہور، کراچی، ملتان اور کینیڈا وغیرہ۔

- آخری باب "کتاب التوحید" لاہور میں شروع ہوا اور 4 مئی 2024 کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رحمت سے تقریباً ساڑھے چھبیس سال کے بعد صحیح بخاری مکمل ہو گئی۔

### استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے تاثرات

مجھے قرآن کا پیغام پہنچانے میں بہت سے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔ لوگ حدیث کے بارے میں بھی بہت سے اعتراضات کیا کرتے تھے۔ اس چیز نے میرے دل میں شوق پیدا کیا کہ میں حدیث کا مزید علم حاصل کروں۔ جب مجھے پی ایچ ڈی کا سکالرشپ ملا تو میں نے حدیث اور علوم الحدیث پڑھنے کا ارادہ کیا۔ تقریباً چار سال اس علم کے ساتھ گزارنے کے بعد اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے حدیث اور علوم الحدیث کی سمجھ بھی دی اور علماء سے استفادہ حاصل کرنے کا موقع بھی فراہم کیا۔ اللہ کا شکر ہے کہ جو سیکھا وہ آپ تک پہنچانے کی کوشش کی۔ اس طویل سفر میں جو لوگ کسی بھی طرح میرے مددگار رہے، ان میں کچھ کے نام مجھے یاد ہیں اور کچھ کے چہرے یاد ہیں، ان سب کے لیے، موجودہ انتظامیہ اور سب حاضرین کے لیے میری دعا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہر ایک کی کوشش، نیکیاں اور جذبے کو قبول فرمائے، اللہ ہم سے راضی ہو جائے اور ہمارے اعمال کو اپنے ہاں قبول فرمائے، ہمیں اس راہ میں استقامت عطا فرمائے، قیامت کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں حوض کوثر کا پانی نصیب فرمائے اور ہم ان کے ساتھ جنت الفردوس میں داخل ہوں، مرتے وقت ہمیں کلمہ نصیب ہو اور ہمارا اختتام ایمان پر ہو، اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان لوگوں کو جنہوں نے صحیح احادیث کو ہم تک پہنچایا اور خود امام بخاریؒ کو بہترین جزائے خیر عطا فرمائے ہم سب ان کے لیے صدقہ جاریہ ہوں۔

اللہ تعالیٰ ہمارے والدین کو بھی اجر عظیم عطا فرمائے جنہوں نے ہمیں اس راہ پر گامزن کیا۔ آمین

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

# طالبات کے تاثرات

## عذرا جبین

ہم صحیح بخاری کی ابتدا اور آج اس عظیم کتاب کی تکمیل کے شاہدین اور اس سے مستفید ہونے والوں میں سے ہیں. الھدٰی کے قیام کے تین سال بعد بخاری شریف کی شکل میں تعلیم الحدیث کی ابتدا ہوئی۔ آج ساڑھے 26 سال کے بعد جو کہ ایک چوتھائی صدی سے زائد عرصہ بنتا ہے اس کتاب کی تکمیل ہوئی۔ اگر ابتدا میں ہی یہ معلوم ہوتا کہ بخاری کے علمی سفر میں اتنے سال لگیں گے تو شاید کئی لوگ یہ سفر شروع ہی نہ کرتے۔ کاروان علم کے جذبے اور ہمتیں پہلے سے زیادہ جوان ہیں۔ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ”اللہ تعالیٰ اس شخص کو تر و تازہ رکھے جس نے ہم سے کوئی بات سنی اور اسے یاد رکھا یہاں تک کہ اسے دوسروں تک پہنچا دیا کیونکہ بہت سے حاملین فقہ ایسے ہیں جو فقہ کو اپنے سے زیادہ فقہ و بصیرت والے کو پہنچا دیتے ہیں، اور بہت سے فقہ کے حاملین خود فقیہ نہیں ہوتے ہیں“۔ درست سمت میں جو قدم اٹھالے اس کا ہزاروں میل کا سفر بھی ایک دن طے ہو ہی جاتا ہے لیکن سفر شرط ہے۔ اگر ہم اپنا طرز زندگی اسوہ رسول ﷺ کے مطابق کر لیں اور آپ کی احادیث کو اسی طرح آگے پہنچاتے رہیں تو آپ ﷺ کی دعا کے مستحق ہو سکتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے 16 سال میں بخاری لکھی۔ علم و حکمت کا ابرِ باراں مختلف جگہوں پر علم کے مشتاق دلوں کی پیاسی زمین کو نبوت کے آب شفا سے سیراب کرتا رہا۔ نسل نو کے لیے اس میں بڑا سبق ہے اس کتاب کو ضرور پڑھیں۔

## منیرہ ضیاء

استاذہ محترمہ نے یکم دسمبر 1997 کو صحیح بخاری کی پہلی کلاس کمیونٹی سینٹر اسلام آباد سے شروع کی۔ ہمارے لیے اس طرح ایک ضخیم کتاب پڑھنے کا یہ پہلا تجربہ تھا۔ استاذہ محترمہ احادیث کا عربی عبارت پڑھانے کے ساتھ ترجمہ کرتیں۔ اس کتاب کا آغاز پہلے باب "کتاب الوحی" سے ہوا۔ استاذہ نے ہمیں حدثنا اور اخبرنا کے الفاظ سے متعارف کروایا کیونکہ یہ الفاظ اب احادیث میں کئی بار آنے والے تھے۔ پہلی حدیث جو عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انما الاعمال بالنیات کے بعد و انما لکل امرئ مانوی سے آخر تک پڑھ کر بہت حیرت ہوئی کہ اس حدیث میں مزید الفاظ بھی ہیں ورنہ بچپن سے کتابوں میں انما الاعمال بالنیات ہی پڑھا تھا۔ احادیث پڑھتے ہوئے پہلی بار یہ محسوس ہوا کہ آپ ﷺ نبی ہونے کے باوجود عام لوگوں کے ساتھ معمولات زندگی میں ویسے ہی ہنستے مسکراتے، بات چیت کرتے، لین دین فرماتے جیسے کہ اس دور میں ہوا کرتا تھا۔ اب سمجھ میں آنے لگا کہ کیا بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس موقع پر اور کن حالات میں فرمائی۔ حدیث کے پہلے ایک لمبی سند ہے۔ یہ بھی ایک نئی سیکھنے کی چیز تھی کہ روایت کا ایک ایک فرد اہم ہے جس نے پوری ذمہ داری سے احادیث آگے پہنچائیں اور آج ہم اس قابل ہوئے کہ نبی کریم ﷺ کے الفاظ کو من و عن پڑھ اور سن سکتے ہیں۔ استاذہ محترمہ ہر حدیث سے عملی نکات نکالتیں کہ اس حدیث سے ہم حکمت کے کون سے موتی چن سکتے ہیں۔ صحیح بخاری کے چند ابواب پڑھنے کے بعد استاذہ محترمہ کراچی تشریف لے گئیں۔ یوں ان کی علمی مصروفیات کے مطابق کبھی کتاب زیادہ اور کبھی کم پڑھائی جانے لگی۔

آج 4 مئی 2024 کو اللہ کے کرم سے استاذہ محترمہ نے یہ کتاب مکمل کی۔ امام بخاریؒ کے فہم و فراست کو بھی جاننے کا موقع ملا۔ استاذہ محترمہ کی استقامت، ماشاءاللہ قابل رشک ہے کہ انہوں نے اس کتاب کو نہ ہی درمیان میں چھوڑا اور نہ ہی جلدی جلدی پڑھا کر ختم کر دیا کہ اس کا حق ادا نہ ہوتا۔ میں خود کو بہت خوش نصیب سمجھ رہی ہوں جو صحیح بخاری کی پہلی کلاس میں بھی موجود تھی اور آج تکمیل میں شرکت کا موقع بھی ملا۔

## ڈاکٹر فردوس روحی

صحیح بخاری کا نام سنتے ہی صاحب کتاب امام بخاری رحمہ اللہ کا اخلاص، دل اور خیالات کی پاکیزگی، علم سے بے پناہ محبت، ذہانت، حکمت، محنت، استقامت اور علم کے لیے اعلیٰ ترین معیار اور ان کی والدہ کی دعا میں تڑپ اور قبولیت یہ سب باتیں ذہن میں آتی ہیں۔ احادیث جمع کرنے میں ان کے جذبے کا یہ عالم تھا انہوں نے ہر حدیث کو لکھنے سے پہلے غسل کیا اور مسجد نبوی میں روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ کر لکھا۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے احادیث اس طرح پڑھائیں کہ ہمیں عملی زندگی میں بہترین راہ نمائی ملی۔ ڈاکٹر ہونے کے ناطے مجھے "کتاب المرضی" کی احادیث سے بہترین راہنمائی ملی۔ صحیح بخاری میں ایک حدیث ہے جس نے میری سوچ اور عمل کو یکسر بدل دیا، وہ حدیث ہے: **عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: "ما انزل اللہ داء الا انزل لہ دواء"** کہ اللہ نے کوئی بیماری ایسی نہیں اتاری جس کی دوا نہ اتاری ہو۔ جہاں یہ حدیث بیمار کے لیے امید کی ایسی کرن ہے کہ جس سے اس کی شفایابی آسان ہو جاتی ہے وہاں ڈاکٹرز اور ریسرچرز کے لیے تحقیق کا بہت بڑا میدان کھل جاتا ہے۔ ہم نے میڈیکل کالج میں یہ پڑھا تھا کہ کئی بیماریوں کی وجہ اور شفا ڈاکٹروں کو معلوم ہی نہیں اور وہ ان بیماریوں کا علاج صرف علامات کے مطابق ہی کرتے ہیں۔ آج نبی کریم ﷺ کے طرز زندگی پر تحقیق ہو رہی ہے اور اس کو صحت مند زندگی کا بہترین نسخہ قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ ہم اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی دی ہوئی راہ نمائی سے اعراض کر کے صرف دنیاوی علوم کے ذریعے کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس قیمتی ذخیرے سے بہترین استفادہ کرنے اور دوسروں تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## نیلوفر جمیل

صحیح بخاری وہ کتاب ہے جو ہمیشہ سے گھر میں موجود تھی لیکن جب اسے باقاعدہ طور پر پڑھنے کا آغاز کیا تب جا کر سند، متن، حدیثوں کی تکرار کی سمجھ آئی۔ الحمدللہ سند میں موجود صحابہ اور دیگر راویوں کے بارے میں جاننے کا موقع ملا۔ بظاہر ایک جیسی احادیث میں بھی چند الفاظ کے فرق سے کیا کچھ بدلتا ہے اور یہ سمجھا کہ ہر ایک حدیث کو پڑھنا کتنا ضروری ہے۔ "دین زندگی آسان کرتا ہے" یہ جملہ اکثر سنا تھا لیکن حدیث پر استاذہ محترمہ کی وضاحت سن کر اس جملے کی اصل سمجھ آئی۔ صحیح بخاری کو پڑھنے کے بہت فائدے ہیں لیکن ان فوائد کا حصول صرف اسی وقت ممکن ہو سکتا ہے جب ایک ایسے، عالم سے سیکھا جائے جو آپ کو اس علم سے فیض پانے کا ہنر سکھا سکے اور عقل و فہم کی گرہوں کو کھول سکے۔ صرف حدیث کی عربی، ترجمہ اور فقہی مسائل کی تعلیم نہ دے بلکہ

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

بہترین طریقے سے ان احادیث کے ذریعے تربیت بھی کرے۔ الھدیٰ ای لرنگ کے پلیٹ فارم سے صحیح بخاری دوبارہ پڑھنا شروع کی تو اندازہ ہوا کہ ایک بار پڑھنا کافی نہیں ہوتا، علم میں پختگی کے لیے دہرائی کرنا بہت اہم ہے۔

## فریحہ میلہ

اللہ سبحانہ وتعالی محترمہ استاذہ کو صحیح بخاری کی تکمیل مبارک کرے جس نے انہیں اس صف میں لا کھڑا کیا ہے جس میں ابن حجر عسقلانیؒ اور شیخ العثیمینؒ جیسے علماء ہیں۔ میری ناقص عقل کے مطابق اردو زبان میں اس سے زیادہ فائدہ منداور آسان فہم لٹریچر بخاری کی شرح کے حوالے سے موجود نہیں ہے۔ استقامت کا فائدہ آج ہم دیکھ رہے ہیں۔ عموماً لمبا عرصہ گزرنے پر کام چھوڑ دیا جاتا ہے یا بھلا دیا جاتا ہے لیکن استقامت کے ساتھ کام کرتے رہیں تو آپ کامیاب ہوجاتے ہیں۔

## قرۃالعین خان

آج بخاری کی تکمیل میں شرکت کا شرف حاصل ہوا، میں نے کچھ کلاسز آن لائن کچھ آن سائٹ، کبھی کورسز کی شکل میں، کبھی استاذہ جی سے ڈائیریکٹ سنا اور بہت کچھ سیکھا۔ کئی سالوں کے gap کے بعد جب بخاری کا سلسلہ دوبارہ شروع ہوا تو سیکھنے کے بے شمار angles سامنے آئے۔ جو اپنے اسٹاف ممبرز کیساتھ بھی شیئر کیا تو ان میں بھی بہت مثبت تبدیلی دیکھنے کو ملی۔ جب استاذہ محترمہ نے صحیح بخاری کا آخری باب " کتاب التوحید " لاہور میں شروع کیا تو اس کو پڑھنے سے پہلے میں سمجھتی تھی کہ توحید اللہ کو ایک ماننا ہے مگر جب یہ پڑھا کہ اللہ کی ذات صفات پر ایمان، غیب پر ایمان، قران پر ایمان، اللہ کا چہرہ، ہر کام اللہ کے چہرے کے لئے کرنا، اللہ کا دیدار، اللہ کا عرش، کائنات کی ہر چیز پر اللہ کا کنٹرول ماننا، آخرت کے مراحل، اللہ کی مشیت اور ارادہ سب توحید ہی کا حصہ ہے تو حیران رہ گئی۔ میں یہ کہنا چاہوں گی کہ دین کا کام بدن کی راحت سے نہیں ہوتا، دین قربانی مانگتا ہے، اللہ ہماری نیتیں جانتا ہے اسی کے مطابق اجر بھی دے گا اور ہماری چھوٹی چھوٹی کوششوں کی قدردانی بھی کرے گا، اللہ کے راستے میں ثابت قدمی ضروری ہے، بلا شبہ انسان کا ہدف، اسکا مقصد کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو صرف ایک قدم آگے بڑھانا اسے کامیابی سے ہمکنار کر دیتا ہے۔

The journey of thousand miles begins with a single step

## آسیہ عامر

میری دلی خواہش تھی کہ بخاری کی تکمیل ہمارے ہاں کینیڈا میں ہو لیکن آج واقعی اس مجلس میں شامل ہوکر خیال آرہا ہے کہ اللہ تعالی کا یہ فیصلہ بہترین ہے۔ ہم نے صحیح بخاری کینیڈا الھدیٰ بننے کے کچھ عرصے بعد تعلیم الحدیث کورس میں ریکارڈنگ کے ذریعے پڑھی تھی۔ صحیح بخاری ایک خزانہ ہے جس کو امام بخاری نے کئی سال کی محنت سے لکھا لیکن اس خزانے سے ہم لاعلم تھے۔ ہمیں عام زندگی گزارنے کے طور طریقے بھی صحیح بخاری سے پتہ چلتے ہیں۔ اللہ تعالی کا دل سے جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے۔ تیمیہ زبیر صاحبہ صحیح بخاری کو انگلش میں پڑھا رہی ہیں۔ انگریزی جاننے والوں تک آسان فہم انداز میں پیغام پہنچانا بھی ضروری ہے اور میری گزارش ہے کہ یہاں جو مختلف زبانوں کو جاننے والے لوگ موجود ہیں وہ اپنی اپنی زبانوں میں اس کا ترجمہ کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک احادیث نبوی کا پیغام پہنچے اللہ سبحانہ وتعالی اسے استاذہ جی کے لیے نسل در نسل صدقہ جاریہ بنائے۔

## ڈاکٹر روبینہ شفیع

میں ان لوگوں میں سے تو نہیں جنھوں نے پہلے دن سے صحیح بخاری کو استاذہ محترمہ کے ساتھ پڑھا لیکن میں مسلسل دعا کرتی رہی کہ اللہ سبحانہ وتعالی مجھے حدیث کورس کرنے کا موقع عطا فرمائے حدیث کورس صرف اسلام آباد میں کروایا جاتا تھا۔ اللہ سبحانہ وتعالی کا کرنا ایسا ہوا کہ میرے شوہر کی پوسٹنگ اسلام آباد ہوگئی یوں میں نے 2008 میں صحیح بخاری پڑھنا شروع کی اور آج الحمدللہ 2024 میں میں بھی اس تقریب میں شامل ہوں۔ صحیح بخاری مکمل ہوگئی ہے ہمارا کورس کا جو سفر ختم ہو رہا ہے لیکن اللہ تعالی ہمارے ذریعے، ہمارے بچوں کے ذریعے اور خود استاذہ کے بچوں اور طالبات کے ذریعے اس پیغام کو آگے پہنچانے کا سلسلہ جاری رکھے۔ تیمیہ بھی انگریزی میں اس پیغام کو پہنچانے میں برابر کا کردار ادا کر رہی ہیں۔ دعا ہے کہ استاذہ صاحبہ اسی طرح ہمیں دین سکھاتی رہیں۔ آمین

## یاسمین خاکوانی

اللہ تعالی کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے استاذہ کے ساتھ پہلے دن سے اب تک بخاری کا یہ سفر مکمل کروایا۔ تھرڈ بیچ کے اختتام پر جب استاذہ نے صحیح بخاری پڑھانے کا ارادہ کیا تو ہماری تقریباً پوری کلاس آنے لگی جبکہ فورتھ بیچ بھی آچکا تھا اور اس میں طالبات کی تعداد تھرڈ بیچ کی نسبت بہت زیادہ تھی لہذا ایک ہی ہال میں سب بیٹھتے تنگی ہوتی مگر سیکھنے کا جذبہ اور سیکھنے کے بعد کی خوشی سے ہم یہ سب برداشت کر لیتے تھے اللہ نے G-9 سیکٹر کے اس ہال میں اتنی برکت ڈالی کہ تقریباً دو سو لوگ اکٹھے بیٹھ جایا کرتے۔ استاذہ بخاری کا کچھ حصہ پڑھا کر اسلام آباد سے کراچی شفٹ ہوئیں تو لگا کہ شاید ہمیں بخاری یہاں تک ہی پڑھنا تھی۔ پھر ایک لمبے عرصے تک دیگر علمی مصروفیات کی وجہ سے استاذہ نے بخاری نہیں پڑھائی۔ کچھ وقفے کے بعد جب استاذہ نے بخاری دوبارہ پڑھانی شروع کی تو سب نے ذوق وشوق سے سنا۔ اب بہت سی برانچز میں صحیح بخاری کا کورس کروایا جارہا ہے۔ الحمدللہ

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

## زبیدہ عزیز

میں الھدیٰ کے تمام ساتھیوں اور طالبات کی طرف سے استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کا صحیح بخاری جیسے علم کے خزانے سے روشناس کرانے پر بہت بہت شکریہ ادا کرتی ہوں۔ قرآن مجید کی تکمیل کے بعد آج صحیح بخاری کی تکمیل سے یہ چیز اور واضح ہو گئی ہے کہ الھدیٰ کا طریقہ اللہ کی کتاب اور اس کی سنت کا طریقہ ہے اور ہم سب بھی اسی کو لے کر آگے چلیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ یہی وہ دو طریقے ہیں کہ جس کے ذریعے آخرت میں نجات ہے۔ اللہ تعالیٰ استاذہ محترمہ کو بہترین جزا دے اور آج ہم نے جو آخری حدیث میزان کے حوالے سے پڑھی ہے تو میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے میزان میں ایک ایک حدیث، ایک ایک لفظ اور اس کے ایک ایک معنیٰ کو بہترین قبولیت عطا فرمائے۔ آمین

## ڈاکٹر کنول قیصر

آج سے 26 سال پہلے میں نے لسنر کے طور پر الھدیٰ جوائن کیا تو تب صحیح بخاری کا کورس شروع ہو رہا تھا جس کی شرط یہ تھی کہ جو طالبات قرآن کا کورس کر چکی ہیں وہ صحیح بخاری کا کورس کر سکتی ہیں۔ میری درخواست پر استاذہ محترمہ سے مجھے اجازت مل گئی اور اس کا فائدہ مجھے یہ ہوا کہ میں نے قران اور حکمت کو ایک ساتھ سیکھا۔ صحیح بخاری پڑھنا ایسا ہی تھا جیسے کہ اس معاشرے میں چلے جائیں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ، صحابیات ہوا کرتے تھے۔ ان کے آپس کے تعلقات کو پڑھ کر بہت کچھ سیکھا۔ میرے بخاری کے کچھ اسباق رہتے ہیں جو میں نے ارادہ کیا ہے کہ مکمل کروں گی۔ ان سے اپنی زندگی کے لیے بھی سبق سیکھوں گی اور آگے بھی پہنچاؤں گی۔

**ربنا تقبل منا**

## نظم

رب تعالیٰ تیرے ان گنت احسانات کا شکریہ
تو نے نبی آخر ﷺ کو ہم میں مبعوث کیا

ان کی سیرت سے ہمیں روشناس کیا
ان کی زندگی کو کھول کے بیان کیا

پھر رب تعالیٰ تیرے احسانات کا شکریہ
محدث امام بخاری نے انہیں جمع کیا

تحقیق کی اور ہمیں صحیح بخاری کا تحفہ دیا
جو کہ صحیح ترین احادیث کا مجموعہ بنا

اس میں کیا خزانہ چھپا تھا ہمیں کیا پتہ
رب تعالیٰ نے ایک بار پھر ہم پہ احسان کیا

بہت ہی بہترین استاذہ سے ہمیں نواز دیا
انہوں نے لفظ بہ لفظ اس کتاب کو پڑھا دیا

قرآن کے تو لفظوں کو خوب پہچان گئے تھے
برکت حدیث کو بھی زندگی میں اتار دیا

ہر جگہ قال، قال رسول اللہ ﷺ ہو گیا
برکت کا وسیلہ صلی اللہ، صلی اللہ ہو گیا

حدیث کی سند، متن اور حالات راوی
اور احادیث کے مستند ہونے کا بھی بتا دیا

تعلیم کے ساتھ تربیت کا بھی انتظام کیا
کتابوں کو شیلف سے ہاتھوں میں تھما دیا

سیرت النبی ﷺ سے اخلاقیات کا درس دیا
صحابہ کے عمل کی مثالوں کو بھی بیان کیا

کتاب الوحی سے کتاب التوحید کو پڑھا دیا
سنت سلف کو پھر سے زندہ کر دیا

استاذہ کا یہ خواب بھی پورا ہوا
تکمیل صحیح بخاری کو الھدیٰ میں کیا

مبارک ان کو بخاری مکمل پڑھی جس نے
مبارک انکو بخاری مکمل پڑھا دی جس نے

یہ پڑھنا پڑھانا رب کے ہاں قبول ہو جائے
آخرت میں مغفرت کے لیے حجت ہو جائے

بھری کائنات میں اک نئی دنیا بسا دی تو نے
رسول اللہ ﷺ کی زندگی آنکھوں میں جگا دی تو نے

رب تعالیٰ تیرے ان گنت احسانات کا شکریہ
نبی کریم، امام بخاری اور استاذہ محترمہ کا تحفہ دیا

عالیہ اشفاق

# تعلیمی سرگرمیاں

## نارتھ ریجن

**کالجز پروگرام برائے رمضان:**

اسلام آباد، گجر خان، راولپنڈی، چکوال، تلہ گنگ، واہ کینٹ، جہلم، لالہ موسیٰ، مظفر آباد، راولاکوٹ میں 97 کالجز میں رمضان پروگرام کروائے گئے جن کی کامیابی کے بعد 10 کالجز میں نئی کلاسز کا آغاز ہوا۔

**دورہ قرآن:**

نارتھ ریجن کے مختلف علاقوں میں دورہ قرآن کروایا گیا جن میں 664 لائیو دورہ قرآن اور 7 آن لائن شامل ہیں۔

**نئی کلاسز کا آغاز:**

2024 میں شروع ہونے والی نئی کلاسز

| کورس | علاقہ |
|---|---|
| تعلیم دین | جہلم |
| فہم القرآن | تلہ گنگ، گجرات، ٹیکسلا، جہلم، بہارہ کہو، منڈی بہاؤالدین، راولپنڈی |
| صوت القرآن | مری، مظفر آباد، آزاد کشمیر، بی-17، اسلام آباد، واہ کینٹ، راولپنڈی، چکوال، ہری پور، سکردو |
| تفہیم دین | کامرہ |
| ترجمہ قرآن | سکردو، ڈنگہ، گجرات، برما ٹاؤن راولپنڈی، مظفر آباد |
| روشنی کا سفر | پی ڈبلیو ڈی |
| اپ گریڈ | لالہ زار، راولپنڈی |
| تجوید کورس | مردان طورو، راولپنڈی |
| تعلیم الحدیث | اسلام آباد، راولپنڈی (تین کلاسز) |
| تربیہ وتزکیہ | جہلم |

## لاہور ریجن

**دورہ قرآن:**

لاہور ریجن میں 500 مقامات پر دورہ قرآن کروایا گیا جن میں بڑے پیمانے پر لوگوں نے شرکت کی۔

**دروس:**

مختلف مواقع پر 87 دروس دیئے گئے۔

**صحیح بخاری کتاب التوحید**

لاہور کے کامیاب وزٹ کے دوران استاذہ محترمہ نے نواب ٹاؤن میں صحیح بخاری "کتاب التوحید" پڑھائی۔اس میں برانچز کے سٹاف اور طالبات کے علاوہ ریجنل آفس کے سٹاف نے بھی بھرپور شرکت کی اور رسول اللہ ﷺ کی احادیث مبارکہ سے فیض حاصل کیا اور شرکاء کو ان احادیث کو عملی زندگی کی مثالوں سے سمجھنے کا موقع ملا۔اس کورس میں مختلف شہروں سے آئے مہمانوں نے بھی شرکت کی جس میں کراچی، جہلم، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، اوکاڑہ شامل ہیں، تمام شرکاء نے استاذہ محترمہ سے براہ راست احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم سننے کا شرف حاصل کیا۔

## ملتان ریجن

**دروس:**

گزشتہ چار ماہ میں ملتان میں 300 سے زائد مقامات پر دروس دیئے گئے جن میں مجموعی طور پر 20 ہزار سے زائد افراد نے شرکت کی۔

**دورہ قرآن:**

6 مقامات پر استقبال رمضان کے لیکچرز دیئے گئے۔

400 سے زائد مقامات پر دورہ قرآن کروایا گیا جن سے بہت سے لوگ مستفید ہوئے۔

**نئی کلاسز کا آغاز:**

11 مقامات پر نئی کلاسز کا آغاز ہوا۔

| کورس | علاقہ | تعداد |
|---|---|---|
| ترجمہ قرآن | ایم ڈی اے، سدرہ گرلز سکول، زین پبلک سکول، حسن پروانہ، گلبرگ برانچ، فاطمہ جناح ٹاؤن، پچ ولاز، چاہ بوہڑوالا، چک 105/10R | 9 |
| صوت القرآن | گھنٹہ گھر، شالیمار کالونی | 2 |

علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

# تعلیمی سرگرمیاں

## کراچی ریجن

اس سال 2024 میں رمضان کے بابرکت مہینہ میں الھدیٰ کراچی ریجن میں مختلف پروگرام کروائے گئے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**لائیو دورہ قرآن**

کراچی ریجن کے تحت 139 مقامات پر لائیو دورہ قرآن کروائے گئے، جس کو 2269 خواتین نے سننے کی سعادت حاصل کی۔

**آئن لائن زوم ٹرانسمیشن**

زوم ایپ کے ذریعے 57* دورہ قرآن (اردو/ انگریزی) لائیو اور ریکارڈڈ لیکچرز نشر کیے گئے۔ زوم ٹرانسمیشن سے 3091 خواتین اور بچوں نے استفادہ کیا۔

**دیگر رمضان پروگرام**

واٹس ایپ کے ذریعے سے 83 پروگرام متعارف کروائے گیے۔ جن میں 19849 سے زائد خواتین و حضرات نے حصہ لیا۔

## خیبر پختون خواہ ریجن

**استقبال رمضان**

کے پی کے کے مختلف سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور میڈیکل کالجوں میں بڑی تعداد میں استقبال رمضان کے پروگرام کروائے گئے۔

**دورہ قران**

رمضان 2024 میں 200 سے زائد مقامات پر دورہ قران کروایا گیا۔

**پانچ زبانوں میں رمضان پروگرام**

اس مرتبہ دورہ قران سمیت کئی پروگرام پانچ مختلف زبانوں میں کروائے گئے جن میں اردو، انگریزی، پشتو، دری اور براہوی شامل ہیں۔

**12 گھنٹے کی ٹرانسمیشن**

رمضان میں 12 گھنٹے کی زوم پر رمضان ٹرانسمیشن براڈ کاسٹ کی گئی جس میں استاذہ محترمہ کے دورہ قرآن، قرآن فہمی، ترتیل القرآن اور دعائیں نشر کی گئی جن سے بڑے پیمانے پر لوگ مستفید ہوئے۔

## حیدرآباد ریجن

**شعبان المعظم**

شعبان المعظم کے سلسلے میں حیدرآباد ریجن کے مختلف علاقے جس میں تلہار، ملکانی، جھول، ماتلی، میرپور خاص، کنری، بستان، قاسم آباد، لطیف آباد، ہیرآباد، بدین، شکارپور اور لاڑکانہ شامل ہیں۔

شعبان کی فضیلت اور دیگر غلط رسومات سے آگاہ کیا گیا۔ اصل دین کی پہچان کروائی گئی۔ ان میں شرکاء کی تعداد 1138 تھی۔

الھدیٰ کی برانچز، قرآن کلاسز، اسکولوں اور کالجوں میں کتاب "شعبان کی حقیقت" تقسیم کی گئی۔

**رمضان المبارک**

رمضان کے سلسلہ میں استقبال رمضان، دورہ قرآن اور دیگر پروگرام جو 100 سے زائد علاقوں میں منعقد کیے گئے اور ان میں شریک ہونے والے افراد کی تعداد تقریباً تین ہزار رہی۔ شرکاء میں "رمضان کی دعائیں کارڈ" اور "تقویٰ روزے کا مقصود" پمفلٹ تقسیم کیے گئے۔ الھدیٰ برانچز اور قرآن سینٹرز میں رمضان پوسٹرز بھی مہیا کیے گئے۔ الحمدللہ

**حج اور عمرہ**

حج اور عمرہ تربیتی پروگرام کے سلسلے میں حیدرآباد، لطیف آباد اور ٹنڈو الہ یار کے عازمین حج اور عمرہ کے لئے حیدرآباد قاسم آباد میں تربیتی سیشن کروایا گیا، اور ٹنڈو محمد خان انڈس میڈیکل کالج میں یہ تربیتی سیشن کروایا گیا جن میں تقریباً 800 سے 850 افراد نے شرکت کی۔ ان لوگوں میں حج کی کتاب "حج بیت اللہ"، رہنمائے حج کارڈز اور پانی تقسیم کیا گیا۔

**تعلیمی کورسز**

سندھ کے مختلف علاقوں میں حیدرآباد ریجن کے تحت نئی کلاسز شروع کی گئیں جن میں اقراء کی 9، روشنی کی کرن 10 اور روشنی کا سفر کی 1 کلاس شامل ہے۔ جن میں طلبہ کی تعداد ایک سو چھیانوے (196) ہے۔ برانچز میں صوت القرآن کے 5، فہم القرآن کے 7، تعلیم دین کے 2 اور تفہیم دین کے 2 کورسز شروع کیے گئے۔



# امام وکیعؒ

## نام وکنیت

آپ کا نام وکیع بن الجراح بن ملیح بن عدی الرواسی الکوفی اور کنیت ابوسفیان ہے، 129 ہجری میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد الجراح بن ملیحؒ کوفہ میں بیت المال کے نگران اور بہت ہیبت وجلال والے شخص تھے۔

## امام وکیعؒ کے فضائل

امام وکیع بن الجراحؒ کے علم وفضل اور علم کا سمندر ہونے کا اعتراف ارباب سیر اور آپ کے تلامذہ نے کیا ہے۔ امام وکیع ابن الجراح نے جب دروس کا آغاز کیا اس وقت آپ کی عمر 33 سال تھی۔ فنِ حدیث اور علم الرجال (راویوں کا علم) سے متعلق ان کی روایتیں اور آراء بہت مستند خیال کی جاتی ہیں۔ امام وکیع ابن الجراحؒ جہاں بھی جاتے ان کے حلقہ درس میں بڑی تعداد میں لوگ شرکت کرتے ان کے اردگرد طلباء کا ہجوم رہتا تھا۔ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ (852ھ) نے ابوہشام رفاعیؒ سے نقل کیا ہے کہ ابوہشام رفاعیؒ کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں مسجد حرام میں گیا تو عبیداللہ بن موسیٰؒ کو حدیث کا درس دیتے دیکھا۔ ان کے اردگرد طلباء کا ہجوم تھا۔ پھر ایک ہفتہ طواف کے بعد جو دیکھا تو عبیداللہؒ تنہا بیٹھے تھے۔ میں نے پوچھا۔ یہ کیا ہوا؟ انہوں نے کہا ایک اژدھا آ گیا ہے جو پورے حلقے کو نگل گیا ہے۔ اس سے ان کی مراد امام وکیعؒ تھے۔ امام ابوبکر خطیب بغدادیؒ نے امام احمد بن حنبلؒ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ امام احمدؒ فرماتے ہیں: میں نے علم، حفظ، اسناد، اور ساتھ ہی ساتھ ورع وتقویٰ میں امام وکیع بن الجراحؒ کا مثل کسی کو نہیں دیکھا۔

## مثالی قوتِ حافظہ

اللہ تعالیٰ نے امام وکیع بن الجراحؒ کو غیر معمولی قوت حافظہ سے نوازا تھا۔ علامہ ابوبکر خطیبؒ بغدادی (م 463ھ) نے ان کے حافظے کے بارے میں ان کا اپنا قول نقل کیا ہے۔ کہ امام وکیعؒ خود فرماتے ہیں۔ میں نے گذشتہ 15 سال کے عرصہ میں سوائے ایک دن کے کبھی کتاب کھول کر نہیں دیکھی۔ اور اس ایک مرتبہ میں بھی بہت سرسری طور پر دیکھا۔ اور کتاب کو پھر اس کی جگہ رکھ دیا۔ آپ درس کے وقت کبھی کتاب سامنے نہیں رکھتے تھے۔ بلکہ زبانی حدیث کا درس دیتے تھے۔ طالب علمی کے زمانہ میں انہوں نے کبھی بھی حدیثوں کو قلمبند نہیں کیا بلکہ گھر آ کر لکھتے تھے۔ آپ خود فرماتے ہیں کہ میں نے امام سفیان ثوریؒ کے درس کے وقت کبھی حدیث نہیں لکھی بلکہ اس کو دماغ میں محفوظ کر لیتا پھر گھر جا کر لکھتا تھا۔ امام وکیع بن الجراحؒ قوت حافظہ کے بارے میں فرمایا کرتے تھے کہ اگر معاصی سے اجتناب کیا جائے تو حافظہ قائم رہتا ہے۔

## زہد وتقویٰ

امام وکیع بن الجراحؒ نے صاحب ثروت ہونے کے باوجود نہایت سادہ زندگی گزاری، کثرت سے روزے رکھتے، آپ کی شب بیداری اور عبادت گزاری سے پورا گھر متاثر تھا، خطیب بغدادیؒ نے ان کے صاحبزادہ ابراہیمؒ ابن وکیع کا یہ قول نقل کیا ہے: میرے والد جب رات میں نماز پڑھتے تھے۔ تو ہمارے گھر میں کوئی شخص ایسا باقی نہیں رہتا تھا۔ جو نماز نہ پڑھتا ہو۔ حتیٰ کہ ہماری سیاہ فام لونڈی بھی نماز پڑھتی تھی۔ امام وکیع بن الجراحؒ کے دوسرے صاحبزادے سفیان بن وکیعؒ بیان کرتے ہیں کہ: میرے والد صائم الدہر تھے۔ صبح سویرے بیدار ہو جاتے فجر کی نماز کے بعد مجلس درس شروع ہو جاتی، دن نکلتے تک اس میں مشغول رہتے۔ پھر گھر جا کر ظہر کی نماز تک قیلولہ فرماتے، اس کے بعد ظہر کی نماز ادا کرتے۔ پھر عصر تک طلباء کو قرآن کا درس دیتے، اور پھر مسجد آ کر عصر کی نماز پڑھتے۔ اور اس سے فارغ ہو کر پھر درس قرآن شروع ہو جاتا۔ اور شام تک مذاکرہ میں منہمک رہتے۔ پھر گھر تشریف لا کر افطار فرماتے۔ اس سے فارغ ہو کر نماز پڑھتے۔

## امام وکیعؒ کے اساتذہ کرام

آپؒ نے اپنے وقت کے عظیم آئمہ سے علم حاصل کیا جن میں سے چند یہ ہیں: ابنِ جریج، سفیان ثوری، سفیان ابنِ عیینہ، امام اوزاعی، اُعمش، ابنِ ابی ذئب، ابنِ ابی لیلیٰ۔

## تلامذہ


آپ ساری عمر علمِ دین کی نشر واشاعت میں مصروف رہے اور لوگ آپ کے علم سے فیض یاب ہوئے، آپ کے تلامذہ کی فہرست بہت طویل ہے جن میں سے چند مشہور تلامذہ کے نام یہ ہیں: عبداللہ بن مبارک، احمد بن حنبل، یحییٰ ابنِ معین، علی ابن المدینی اسحاق ابنِ راہویہ، ابنِ ابی شیبہ، سفیان (اپنے بیٹے)۔

مذکورہ بالا تلامذہ کے علاوہ امام وکیعؒ سے بعض ان مشاہیر ائمہ نے بھی روایت کی ہے جو وکیعؒ کے استاد ہیں یا شیوخ کی صف کے بزرگ ہیں جیسے امام سفیان بن عیینہ اور عبدالرحمن بن مہدی۔

## وفات

وکیع بن الجراحؒ حج کے مناسک ادا کرنے کے بعد دس محرم کو 68 سال کی عمر میں (196ھ) میں مکہ اور کوفہ کے درمیان دنیائے فانی سے رحلت فرما گئے۔

انا للہ وانا إلیہ راجعون



# خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

## سوشل ویلفیئر سروسز

| | | |
|---|---|---|
| تعلیمی امداد<br>493 افراد<br>مستفید ہوئے | الھدیٰ دسترخوان<br>57 مقامات | مالی امداد<br>700 افراد<br>مستفید ہوئے |
| میرج بیورو<br>90رشتے طے ہوئے | امداد برائے شادی<br>28 افراد<br>مستفید ہوئے | ماہانہ راشن<br>1759پیکس |
| طبی امداد<br>93 افراد<br>مستفید ہوئے | میڈیکل کیمپس<br>13مقامات | امداد برائے روزگار<br>70 افراد<br>مستفید ہوئے |
| ٹریننگ غسل میت<br>255ٹریننگز | غسل میت<br>147میت | فری کفن<br>141 |
| ووکیشنل سنٹر<br>22 مقامات | قرض حسنہ<br>8 افراد<br>مستفید ہوئے | |

## سوشل ویلفیئر پروجیکٹس

| | | |
|---|---|---|
| رمضان راشن<br>6000پیکس | افطار<br>42 مقامات | فطرانہ<br>1550<br>آٹے کے تھیلے |
| آبادکاری<br>16 گھروں کی تعمیر | فراہمی آب<br>11 کنویں | تعمیر مساجد<br>4مساجد |



ووکیشنل سنٹر



واٹر پمپ




میڈیکل کیمپ

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 03160104783594 (Rupee)

**IBAN AC #** PK13MEZN0003160104783594

**Branch Code:** 0316, Swift Code: MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd, E-11 branch Islamabad

**Donate Online:** https://www.alhudapk.com/donate.html

# سٹوڈنٹس کارنر

## اہم اعلان برائے دستبرداری


الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن ایک منفرد تعلیمی ادارہ ہے جو ہر قسم کے تعصّبات، سیاسی اور فرقہ وارانہ گروہ بندیوں سے بالاتر ہو کر مستند دینی تعلیم کے فروغ اور رفاہ عامہ کے کاموں میں 1994 سے سرگرم عمل ہے۔ ادارے کا وژن، مشن اور بنیادی اقدار خالصتاً قرآن وسنت کو بنیاد بنا کر طے کی گئی ہیں اور اس کا نصب العین لوگوں کو ایک باعمل مسلمان اور ذمہ دار شہری بنانا ہے۔ ادارہ اپنے سٹاف اور سٹوڈنٹس سے اقرار نامہ بھی لیتا ہے کہ وہ دوران تعلیم یا بطور سٹاف کسی قسم کی سیاسی یا فرقہ وارانہ سرگرمیوں میں ملوث نہیں ہوں گے۔ لہذا ادارہ اپنے تمام موجودہ اور سابقہ سٹاف اور سٹوڈنٹس کا آج کل کے سیاسی ماحول میں کسی قسم کی سیاسی، گروہی، فرقہ وارانہ یا ملک دشمن سرگرمیوں میں حصہ لینے یا ریاستی اداروں کے خلاف کوئی پوسٹ واٹس ایپ، ٹویٹر، انسٹاگرام، فیس بک یا کسی بھی سوشل میڈیا پر شیئر کرنے سے لاتعلقی اور دستبرداری کا اعلان کرتا ہے۔ ادارہ کسی بھی فرد کی طرف سے اندرون یا بیرونِ ملک اس قسم کی کسی بھی سرگرمی کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

آج کل سوشل میڈیا پر محترمہ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ سے منسوب کر کے بہت سی ایسی باتیں پھیلائی جا رہی ہیں جن کی نسبت ان کی طرف کرنا درست نہیں ہے۔ جو بات کسی بندے کی براہ راست تقریروں میں نہ ہو یا ٹویٹر یا ویب سائٹ پر نہ ہو نہ باضابطہ طور پر ان کے دستخط کے ساتھ جاری ہوئی ہو اسے ان کی طرف ہرگز منسوب نہ کیا جائے اور جہاں ایسی کوئی بات ان سے منسوب کی گئی ہو اسے جعلی سمجھا جائے۔ نیز کچھ لوگ مختلف کاموں کے لیے ان کے نام پر چندے کی اپیل کر رہے ہیں جو کہ سراسر غلط اور گمراہ کن عمل ہے۔ لہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ ایسی تمام چیزوں اور اپیلوں کو جعلی سمجھیں اور انہیں ڈاکٹر فرحت ہاشمی یا الھدیٰ سے منسوب نہ سمجھیں۔

منجانب: الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

## تبصرہ کتاب

## "حج بیت اللہ"





حج اسلام کے بنیادی ارکان میں سے ایک رکن ہے جو صاحب حیثیت افراد پر زندگی میں ایک بار فرض ہے۔ حج اللہ کی خاطر اس کے گھر کی طرف سفر کرنے اور اس کی خاطر جسم و مال کی قربانی دینے کا نام ہے اور یہ اللہ سے محبت کی نشانی اور اس کا اظہار ہے۔ اس لیے ہر مسلمان مناسک حج کو قرآن وسنت کے مطابق جاننے اور حج مبرور کی سعادت حاصل کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔ اسی بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے الھدیٰ پبلی کیشنز نے اس کتاب میں مناسک حج اور دیگر متعلقہ معلومات قرآن وسنت کی روشنی میں مرتب کی ہیں۔

## نظر ثانی شدہ موبائل ایپلی کیشنز

"الھدیٰ لائیو" اور "دعائیں" ایپلی کیشنز میں کچھ ترامیم کے ساتھ انہیں مزید بہتر بنایا گیا ہے




الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز 6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی    مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان    گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر
پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، فرخ چوہدری، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی